بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترم مولانا حمزہ بن مولانا سلیمان ملا صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد سلام مسنون: طرفین سے خیریت مطلوب ہے، عریضہ ہذا کا مقصد یہ ہے کہ آپ نے ماشاء اللہ دار الافتاء دار العلوم زکریا سے سندِ فراغت حاصل کی ہے، لیکن آپ کے کچھ ناگفتہ بہ حالات اور نامناسب حرکات، ہمیں پریشان کررہی ہیں، مثلاً: یوٹیوب، فیس بک، ٹک ٹوک اور انسٹگرام پر اپنے آپ کو ویپ لیتے ہوئے دکھانا اور لباس وغیرہ میں فساق کی مشابہت منظر عام پر لانا، عورتوں کی تصویریں شائع کرنا وغیرہ، یہ حالات کسی عالم کو زیب نہیں دیتے، جو ہمارے اکابر کے موقف، مشرب اور مسلک سے ہٹ کر ہیں، اس لیے ہم آپ کی سند فراغت کو منسوخ کرنے پر مجبور ہیں۔ فقط والسلام۔

دار الافتاء دار العلوم زکریا، لینیشیا، جنوبی افریقہ

مورخہ: ۳۰/ جمادی الاولیٰ ۱۴۴۶ھ

بہ مطابق ۲/ دسمبر ۲۰۲۴ء

رضاء الحق مظاہری

حضرت مفتی رضاء الحق صاحب مدظلہ
رئیس دار الافتاء دار العلوم زکریا

شبیر احمد عفی عنہ

حضرت مولانا شبیر احمد سالوجی صاحب مدظلہ
مہتمم دار العلوم زکریا

العبد محمد الیاس عفا اللہ عنہ
دار الافتاء دار العلوم زکریا